سوال

(913) تحیۃ المسجد پڑھنا فرض ہے یا مستحب؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مسجد میں داخل ہونے کے بعد بیٹھنے سے پہلے دو رکعت پڑھنی فرض ہیں یا مستحب؟ کیا جمعہ کے علاوہ بغیر پڑھے بیٹھنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عموم حدیث کا تقاضا یہ ہے کہ آدمی جب بھی مسجد میں آئے دو رکعت نماز پڑھ کر بیٹھے، جمعہ کے ساتھ مخصوص نہیں۔ نبی ﷺ کا فرمان ہے:

'إِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمُ الْمَسجِدَ فَلَا یَجلِس حَتّٰی یُصَلِّیَ رَکعَتَینِ' (صحیح مسلم، بَابُ استِحبَابِ تَحِیَّةِ المَسجِدِ بِرَکعَتَینِ، وَکَرَاهَةِ الجُلُوسِ... الخ، رقم: ۷۱۴)

یعنی تم میں سے کوئی شخص مسجد میں داخل ہو تو وہ دو رکعتیں نماز پڑھے بغیر نہ بیٹھے۔

ممنوعہ اوقات میں بھی سببی نماز کا جواز ہے۔ (فتاویٰ اسلامیہ: ۱/۳۳۲)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 762

محدث فتویٰ